سوال

(440)علاج کے اخراجات کی تنخواہ سے کٹوتی ہونی چاہیے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مجھےاپنے کام کی جگہ سے باہر حادثہ پیش آیااورجب میں اپنے علاج کے اخراجات برداشت نہ کرسکا تومیں نے اسے کام کے دوران میں حادثہ قراردے دیااوراس طرح جس کمپنی میں میں کام کرتا تھااس نے علاج کے اخراجات اداکردیے لیکن اب میں اس پرنادم ہوں 'سوال یہ ہے کہ کیا میں نے یہ حرام کام کیا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کےلیے لازم ہے کہ کمپنی والوں کو حقیقت حال کے بارے میں بتائیں اورانہیں پیش کیش کریں کہ انہوں نے جواخراجات کیے ہیں 'وہ آپ سے واپس لے لیں یا آپ کی تنخواہ میں سے کٹوتی کرلیں ۔اگروہ آپ کومعاف کردیں اوراس کا انہیں اختیار بھی ہوتوآپ سے تاوان ساقط ہوجائے گاورنہ جب تک آپ ان سے معاف نہ کروائیں یااخراجات واپس نہ کریں آپ بری الذمہ نہیں ہوں گے ۔ آپ نے جھوٹ اورظلم سے جوکام لیا ہے اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ سے معافی بھی طلب کریں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص338